Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ، 18 فروری 2026ء، 29 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 306

آنکھ کا کارڈ کھیلا جا رہا ہے

پی ٹی آئی کو گھڑی اور اسکی سوئیاں بھی دکھ رہی ہیں عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کی جانب سے جھوٹے بیانیے اور پروپیگنڈے کی ناکامی کے بعد اب ''آنکھ کا کارڈ'' کھیلا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا میں سڑکیں 5 روز سے بند، ایمبولنس بھی ٹریفک میں پھنس گئیں

خیبر پختونخواہ حکومت کے لیے لوگ نہیں بانی پی ٹی آئی کی آنکھ اہم ہے، جس حکومت کی رٹ پشاور کے علاوہ کہیں نہیں وہ مریم نواز کی کارکردگی کا مقابلہ کیسے کر سکتے ہیں

دیامر: وزیراعظم محمد شہباز شریف دیامر میں خصوصی تقریبات سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این این ایں) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں گزشتہ پانچ روز سے سوبے کی مختلف سڑکیں بند ہیں، جس کے باعث ایمبولینس ٹریفک میں پھنس چکی ہیں اور عوام کو جانیں خطرے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ذاتی ترجیحات اور ''آنکھ کا رڈ'' کے کھیل کی وجہ سے عوام کی زندگیوں کو داؤ پر لگایا جا رہا ہے اور صوبائی حکومت کے لیے عوام کے (بقیہ نمبر 6)

تمام آپریشن سرکلز انچارج کھلی کچہری کا انعقاد کرینگے

صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این ای ایں) صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے بارے میں بہتر آگاہی اور ان کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے کے لیے آپریشنز انتظامیہ نے تمام آپریشن سرکلز میں مورخہ 18 فروری 2026 (بروز بدھ) صبح 10:00 سے دن 12:00 بجے تک منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ جس کے مطابق اسٹی ایس ای اسلام آباد سرکل بمقام رحمان شادی ہال سروس روڈ گلبرگ ٹاؤن، اسلام آباد دائس ای (بقیہ نمبر 7)

سکالرشپس کیلئے بنگلہ دیشی طلبہ کا پہلا دستہ پاکستان پہنچ گیا

بنگلہ دیش کے 45 طلبہ پر مشتمل دستہ پاکستان کی معروف جامعات میں مختلف شعبوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرے گا

کراچی (این این آئی) پاکستان بنگلہ دیش ٹائز کوریڈور کے تحت پہلا دستہ پاکستان پہنچ گیا۔ بنگلہ دیش کے 45 طلبہ پر مشتمل یہ دستہ پاکستان کی معروف جامعات میں (بقیہ نمبر 10) علامہ محمد اقبال اسکالرشپس کے لیے منتخب کیے گئے بنگلہ دیشی طلبہ کا

ریلوے ورکرز کی ہڑتال 3 ٹرین بغیر اسٹاف روانہ، اسٹیشنز بھی بند

جب تک بقیہ ٹریول الاؤنس تنخواہیں ادا نہیں ہوتیں ہڑتال اور بائیکاٹ جاری رہے گا، ورکرز یونین

راولپنڈی (این این آئی) ریلوے ٹرین الائنگ اسٹاف نے مکمل ہڑتال کرتے ہوئے ٹرین الائنگ کا بھی بائیکاٹ کر دیا۔ راولپنڈی سے جیم گام ٹرین بغیر اسٹاف کے روانہ کر دی گئی۔ اسٹاف بائیکاٹ سے ٹرینوں کی الائنگ (بقیہ نمبر 9)

سی ٹی ڈی کی کارروائی 3 دہشتگرد ہلاک 3 اہلکار شہید

فائرنگ کے تبادلے میں حوالدار مقبول احمد، پولیس اہلکار فراسین اور سعید الرحمان شہید ہو گئے

پشاور (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ضلع شانگلہ کے علاقے کمل گرام میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے تین دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق ہلاک ہونے والوں کا (بقیہ نمبر 8)

دہشتگردوں نے سیکیورٹی توڑنے کی کوشش کی ناکامی پر دھماکا خیز مواد سے بھری گاڑی چیک پوسٹ کی بیرونی دیوار سے ٹکرا دی

دہشتگردوں کے حملے میں 11 اہلکار شہید

12 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں نے سیکیورٹی توڑنے کی کوشش کی، ناکامی پر دھماکا خیز مواد سے بھری گاڑی چیک پوسٹ کی بیرونی دیوار سے ٹکرا دی، ایک بچی بھی شہید

بہادر سپوتوں نے جان دے کر 12 دہشتگردوں کو جہنم رسید کیا، فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے والے جوانوں کی جرات کو سلام، محسن نقوی

راولپنڈی (این این آئی) باجوڑ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مشترکہ چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا کر 12 خوارج کو ہلاک کر دیا جبکہ حملے کے دوران 11 اہلکار شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 16 فروری 2026 کو باجوڑ ضلع میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ چیک پوسٹ پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج، جن کا تعلق فتنہ الخوارج سے تھا، سیکیورٹی توڑنے کی کوشش کی تاہم پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کے مستعد اور بروقت ردعمل نے نہ صرف دہشت گرد حملے کی کوشش کی۔ بیان کے مطابق حملہ آوروں نے چیک پوسٹ کی بیرونی دیوار سے ٹکرا دیا جبکہ حملے کے دوران 11 اہلکار شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دشمن کے ناپاک عزائم کو (بقیہ نمبر 7)

دیامر: وزیراعظم شہباز شریف اور تین نگلہ پاکستان کے لیے ملائیشیا کے کنٹری پروگرام پر دستخطی تقریب میں موجود تھے

وزیر تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت اجلاس

آلو کی صورتحال اور کسانوں کے مفادات کا تحفظ کرنے پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس کے دوران ملک میں آلو کی زائد پیداوار سے پیدا ہونے (بقیہ نمبر 8)

عمران خان کی صحت کے حوالے سے اہم پیشرفت ہوئی ہے

آئندہ چند دنوں میں پہلا انجکشن لگایا جائیگا، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان کی صحت کے حوالے سے اہم پیشرفت ہوئی ہے، آئندہ چند دنوں میں انہیں پہلا انجکشن لگایا جائے گا اور ایک بار بعد دوسرا، جس سے ان کی طبیعت (بقیہ نمبر 9)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے گورنر ہاؤس میں وزیراعظم یونیورسٹی پروگرام کے چیئرمین رانا شہزاد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

رمضان میں کاروبار رات 10 بجے بند کرنے کی پابندی ختم

وزیر اعلیٰ پنجاب نے کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کو احکامات جاری کر دیے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب نے کاروباری اجازت دینے جبکہ شہریوں کو وفاقی اور صوبائی حکومت سے 23 ہزار روپے تک ڈیل امداد دے گی۔ رمضان (بقیہ نمبر 20) رمضان میں رات 10 بجے دکانیں بند کرانے کے احکامات پر عملدرآمد روکتے ہوئے 24 گھنٹے

رمضان 2026 میں مجموعی طور پر خوشگوار موسم متوقع ہے

دن کے درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ راتیں نسبتاً ٹھنڈی رہیں گی

اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل سید سرمد علی نے ماہ رمضان کے دوران مکمل موسمی صورتحال کے حوالے سے جائزہ پیش کر دیا جس کے مطابق رمضان 2026 میں ملک بھر میں مجموعی طور پر خوشگوار موسم متوقع ہے دن کے درجہ حرارت میں (بقیہ نمبر 21)

کراچی: وزیراعظم کے یونیورسٹی پروگرام کے چیئرمین رانا مسعود احمد ماہر تعلیم ڈاکٹر محمد آصف خان کو بیسٹ اسکولنگ سسٹم ایوارڈ دے رہے ہیں

رمضان آرڈیننس کا خیال رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر کشمور

ناجائز منافع خوری کرنے والوں کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) رمضان المبارک بازار کے اور فضیلت والا مہینہ ہے، رمضان آرڈیننس کا خیال رکھا جائے: ڈپٹی کمشنر کشمور ایکٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان بھتیجات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر کشمور ایبٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 22)

تنگوانی اور گردونواح میں خسرہ کی وبا، پانچ سالہ بچہ جاں بحق

محکمہ صحت کی مبینہ غفلت کے باعث صورتحال سنگین ہونی جا رہی ہے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ تحصیل تنگوانی اور اس کے نواحی علاقوں میں خسرہ کی وبائی بیماری نے شدت اختیار کر لی ہے، جس کے باعث ایک پانچ سالہ (بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم کا جسٹس خیل الرحمان خان کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق چیف جسٹس جسٹس الرحمان خان کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جسٹس خیل الرحمان خان کا انتقال (بقیہ نمبر 1)

میٹرک اور انٹر کے پریکٹیکلز لینے کا طریقہ کار تبدیل

پریکٹیکل امتحان اب پچاس فیصد عملی اور پچاس فیصد تھیوری پر مشتمل ہوگا

لاہور (این این آئی) تعلیمی بورڈ نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے پریکٹیکلز لینے کے طریق کار میں اہم تبدیلیاں کر دی ہیں تاکہ امتحانات میں شفافیت اور درستگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ نظام کے تحت پریکٹیکل کا تھیوری حصہ امتحانی مرکز کی بجائے بورڈ کے (بقیہ نمبر 2)

کورین یونیورسٹی کے وفد کا NUTECH کا دورہ

تعلیمی اشتراک اور ادارہ جاتی شراکت داری کے امکانات کا جائزہ لیا، تعلیمی تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا عکاسی کرتا ہے

دورہ NUTECH کے حالیہ شراکت داری کو فروغ دینے اور بین الاقوامی تعلیمی تعاون کو وسعت دینے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے

اسلام آباد (این ای ایں) ایک کورین یونیورسٹی کے تین رکنی وفد نے NUTECH کا دورہ کیا تاکہ تعلیمی اشتراک اور ادارہ جاتی شراکت داری کے امکانات کا جائزہ لیا جا سکے۔ وفد میں ڈاکٹر کم ڈونگ ہی (ریسرچ پروفیسر، ڈاکٹر لی جنگ (اسسٹنٹ پروفیسر) اور ڈاکٹر لی ہیونگ ڈے شامل تھے۔ وفد کو NUTECH کے جامع تعلیمی پروگرامز، اطلاقی تحقیق کے اقدامات، صنعت سے ہم آہنگ تعلیمی ماڈل، بین الاقوامی تعاون اور جاری صنعتی (بقیہ نمبر 2)

کورین یونیورسٹی کے تین رکنی وفد کا NUTECH کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر کشمور آغا شیر زمان کی زیر صدارت اجلاس

تمام افسران مارکیٹوں کا باقاعدہ دورہ کریں، ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور آغا شیر زمان کی زیر صدارت رمضان المبارک میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد (بقیہ نمبر 4)

ساہیوال، 28 سالہ چوکیدار کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 56 ای ایل میں چوکیدار محمد عمر پٹھان 28 سالہ کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ پولیس یوسف والا نے اوپن پوسٹ مارٹم کے لیے (بقیہ نمبر 3)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت میں 16 ویں قومی اسمبلی کا دوسرا پارلیمانی سال قانون سازی اور پارلیمانی کارکردگی کے ساتھ مکمل

قومی اسمبلی سے 27 ویں ترمیم سمیت 59 بلز منظور

38 سینیٹ سے بھجوائے گئے جن میں سے 13 منظور ہوئے۔ دوسرے پارلیمانی سال کے دوران 40 سرکاری اور 6 نجی ایکٹ بن گئے

قومی اسمبلی کے دوسرے پارلیمانی سال میں قومی اسمبلی کے 11 اور تین مشترکہ اجلاس منعقد ہوئے

اسلام آباد (این ای ایں) 16 ویں قومی اسمبلی کے دوسرے پارلیمانی سال کی تکمیل پاکستان کی پارلیمانی و قانون سازی اور پارلیمانی گہرائی کے سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بصیرت افروز قیادت میں ایوان نے قانون سازی اور پارلیمانی شمولیت کو شفیوں میں قابل ذکر پیشرفت کی۔ اس عرصے کے دوران 59 سرکاری بل پیش کیے گئے، جبکہ 4 اہل سینیٹ سے (بقیہ نمبر 3)

ایک لیٹر پیٹرول پر ٹیکس 100 روپے سے تجاوز کر گیا

پیٹرول پر کل قیمت کا تقریباً 39، ڈیزل پر 34 فیصد ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) فی لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 100 روپے 21 پیسے ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے جو قیمت کا تقریباً 39 فیصد بنتا ہے جبکہ لیٹر ڈیزل پر 94 روپے 39 پیسے ٹیکس عائد ہے جو قیمت کا تقریباً 34 فیصد بنتا ہے۔ وزارت توانائی پاکستان کی (بقیہ نمبر 5)

ساہیوال، زمیندار کے کزن کو گولی مار دی گئی

ساہیوال (این این آئی) زمیندار کے کزن کو گولی مار دی گئی۔ کمسن طالب علم کا نخوا شہر میں بچے کو چھڑا لیا طرفہ فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہیں گرفتار۔ چک 3 دہوہ ایل (بقیہ نمبر 16)

پشاور: کے پی کے منیر خزانہ مرل الحکم پری بجٹ اجلاس میں شرکاء کے ساتھ

وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب ریاض حسین پیرزادہ اور سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب کیپٹن (ر) محمود احمد کا مارگلہ آرچرڈ کا دورہ

ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے کی ہدایت

وفاقی سرکاری ملازمین اور SCBAP ممبران کو الاٹمنٹ لیٹرز جاری کیے جا چکے ہیں، مارگلہ آرچرڈ ہاؤسنگ اسکیم میں دو کمشنر یونٹس کل 4611 پلاٹس ہیں

تمام مسائل کے جلد از جلد حل کرانے کی یقین دہانی کروائی ہے اور نامکمل منصوبوں کو بروقت مکمل کیلئے احکامات جاری کیے

اسلام آباد (این ای ایں) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب ریاض حسین پیرزادہ نے سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب کیپٹن ریٹائرڈ محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی جناب کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال کے ہمراہ مورخہ 17 فروری 2026 کو مارگلہ آرچرڈ کا دورہ کیا۔ ڈی ایچ اے اور ہاؤسنگ اتھارٹی کے سینئر افسران نے انکا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈائریکٹر لینڈ جناب سعد بن اسد نے پروجیکٹ (بقیہ نمبر 4)

وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب ریاض حسین پیرزادہ نے سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب کیپٹن ریٹائرڈ محمد محمود اور ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی جناب کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال کے ہمراہ مارگلہ آرچرڈ کا دورہ کر رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوکلین اینڈ گرین شہر بنانے کیلئے سی ڈی اے اور نیشنل پریس کلب نے

موسم بہار شجرکاری مہم 2026ء کا بھرپور انعقاد کیا

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا، نیشنل پریس کلب کے جید صحافیوں اور صحافیوں کے ہمراہ ماحول دوست درخت لگائے

رواں برس شجرکاری مہم کے تحت شہر بھر میں 10 لاکھ ماحول دوست درخت لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این ای ایں) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو نیشن اینڈ گرین شہر بنانے کیلئے سی ڈی اے اور نیشنل پریس کلب نے موسم بہار شجرکاری مہم 2026 کا بھرپور انعقاد کیا۔ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا، صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، سیکرٹری جنرل نیشنل پریس کلب تیمور علی، فنانس سیکرٹری نیشنل پریس کلب وقار عباسی اور گورنگ باڈی کے ممبران سمیت صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا، نیشنل پریس کلب کے جید یدداران، گورنگ (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا، صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، سیکرٹری جنرل نیشنل پریس کلب تیمور علی و دیگر صحافیوں کے ہمراہ پودا لگا رہے ہیں

سری لنکن صدر کا پاکستانیوں کیلئے ویزا مشکلات فوری ختم کرنے کا حکم

انسداد دہشتگردی، انسداد منشیات اور فورسز کی مشترکہ ٹریننگ کے امور پر تفصیلی گفتگو، چوہدری سالک بھی موجود

ملاقات میں انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات اور فورسز کی مشترکہ ٹریننگ کے امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی

کولمبو (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سری لانکا کے صدر انورا کمارا دسانایکے سے اہم ملاقات کی جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستانیوں کو ویزہ میں مشکلات کے بارے میں آگاہ کیا جس پر سری لنکن صدر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے پاکستان کو تمام سٹیوں سے نکالنے کا حکم دیا، وفاقی وزیر اور سینیٹر پاکستیز چودھری سالک حسین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سری لنکن صدر نے کہا کہ سری لنکا کی وزیراعظم کو بہت جلد پاکستان کے دورے پر بھیج رہے ہیں۔ ملاقات میں انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات اور فورسز کی مشترکہ (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: بیراٹورس، وڈیکی جانب سے پانی دے جرمانوں کے خلاف ملک بھر کی تاجر تنظیموں کا احتجاج

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

اشاعت خاص

تقریب تقسیم انعامات دی ارقم سکولز



اسلام آباد میں دی ارقم سکولز کی سالانہ نتائج تقریب

نمایاں طلبہ میں انعامات تقسیم



لہتراڑ روڈ پر پروقار تعلیمی تقریب، والدین اور معززین کی بھرپور شرکت

جدید تعلیم اور دینی تربیت کا حسین امتزاج، دی ارقم سکولز کا شاندار ایونٹ

طلبہ کی شاندار کارکردگی، سالانہ نتائج 2026 کی تقریب یادگار بن گئی

وفاقی دارالحکومت اسلام اباد میں دی ارقم سکولز جنگ سیداں کیمپس، کرپا کیمپس، نیویل کیمپس کے زیر اہتمام سالانہ نتائج برائے 2026 کے حوالے سے پیرا ماؤنٹ مارکی لہتراڑ روڈ ٹھنڈا پانی میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

اس باوقار تقریب میں اہل علاقہ، سیاسی و سماجی شخصیات، علاقہ معزز والدین اور طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

تقریب میں ملک امانت خان راول رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، ڈاکٹر رفاقت علی جلالی ترجمان اسلام آباد انٹرنیشنل یونیورسٹی پاکستان، ڈاکٹر میر اشتیاق احمد اعوان، پروفیسر عقیل عارف، پروفیسر جمیل عارف، عمیر طارق ریجنل ہیڈ دی اسپارکسکول، چوہدری ذوالقرنین ایڈووکیٹ، چوہدری خالد محمود، راجہ عطا الرحمٰن، راجہ طلحہ، راجہ سایس عابد۔ نے خصوصی شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں گھبائے عقیدت پیش کیے گئے۔ ننھے طلبہ نے خوبصورت نعتیہ کلام پیش کر کے سماں باندھ دیا۔ بعد ازاں بچوں نے مختلف ٹیبلوز، ملی نغمے اور ثقافتی پروگرام پیش کیے جنہیں حاضرین نے بھرپور داد دی اور اساتذہ وطلبہ کی محنت کو سراہا۔

سالانہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ انعامات وصول کرتے ہوئے بچوں کے چہروں پر خوشی دیدنی تھی جبکہ والدین نے بھی اپنے بچوں کی کامیابی پر فخر کا اظہار کیا۔ والدین کا کہنا تھا کہ دی ارقم سکولز میں جدید اور معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے، جو بچوں کی شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

اساتذہ کرام کا اس موقع پر کہنا تھا کہ وہ بچوں کی تعلیمی اور اخلاقی تربیت کو اپنی اولین ترجیح سمجھتے ہیں اور ہر طالبعلم پر انفرادی توجہ دے کر اسے ایک باکردار اور باصلاحیت شہری بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تعلیم کے ساتھ کردار سازی ہی کامیابی کی اصل بنیاد ہے۔

تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر پروفیسر محمد طارق صدیقی نے معزز مہمانوں، والدین اور منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کا مقصد صرف تعلیمی کامیابی نہیں بلکہ ایسے نوجوان تیار کرنا ہے جو معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آئندہ بھی اسی جوش و جذبے کے ساتھ تعلیمی میدان میں کامیابیاں سمیٹی جائیں گی۔

یہ پروقار تقریب تعلیمی معیار، منظم انتظامات اور بچوں کی شاندار کارکردگی کے باعث علاقے میں موضوع گفتگو بنی رہی اور حاضرین نے اسے ایک یادگار ایونٹ قرار دیا۔

سرکاری اداروں کا بڑھتا خسارہ

وزارتِ خزانہ کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025ء میں 25 سرکاری اداروں کو مجموعی طور پر 832 ارب روپے کا نقصان ہوا۔ مالی سال 2024ء میں منافع نکالنے کے بعد خالص نقصان 30.6 ارب روپے تھا' جو مالی سال 2025ء میں 300 فیصد بڑھ کر تقریباً 123 ارب روپے ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ نقصان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو (تقریباً 295 ارب روپے) ہوا۔ اس کے بعد بجلی کی سپلائی کمپنیاں' پاکستان ریلوے اور پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی آتی ہیں۔ دریں حالات یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ قومی اداروں کا بڑھتا خسارہ ہی وہ دیمک ہے' جو قومی خزانے کو مسلسل چاٹ رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مجموعی سالانہ خسارہ اب اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ جہاں محض اصلاحات کے نعروں سے کام نہیں چلے گا بلکہ فوری نجکاری کے سوا اب کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ حکومت کی جانب سے گزشتہ کئی برسوں سے سرکاری اداروں میں گورننس کی بہتری' اصلاحات اور رائٹ سائزنگ کے دعوے کیے جا رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ تمام کوششیں وقتی اقدامات سے کچھ زیادہ ثابت نہیں ہوئیں۔

سیاسی مداخلت' نااہلیت اور فرسودگی نے ان اداروں کو ایک ایسی دلدل میں دھکیل دیا ہے جہاں اصلاحات کا اثر نہ ہونے کے برابر ہے۔ جب قومی ادارے عوامی خدمت کے بجائے سیاسی بھرتیوں کا مرکز بن جائیں تو ان کا زوال پذیر ہونا طے شدہ بات ہے۔ ایسی صورت میں بنیادی خرابیوں کا ازالہ کیے بغیر کوئی اصلاحاتی ماڈل کامیاب نہیں ہو سکتا۔ گزشتہ چار برسوں سے خسارے میں چلنے والے اداروں کی نجکاری کا عندیہ دیا جا رہا ہے مگر اب تک محض پی آئی اے کی نجکاری کا عمل مکمل کیا جا سکا۔ تشویشناک امر یہ ہے کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں اور سٹیل مل جیسے بڑے خسارے والے اداروں کی نجکاری کا عمل یا تو تعطل کا شکار ہے یا اسے دانستہ طور پر لٹکایا جا رہا۔ یہ تاخیر ملکی معیشت کیلئے زہرِ قاتل ثابت ہو رہی ہے کیونکہ وقت گزرنے کے ساتھ ان اداروں کی واجب الادا رقوم کا حجم بھی بڑھتا جا رہا جبکہ ان کی مارکیٹ ویلیو بھی متاثر ہو رہی ہے۔

گزشتہ مالی سال حکومت کی جانب سے خسارے کے شکار اداروں کو 2078 ارب روپے سے زائد کی گرانٹ دی گئی' جو 2024ء کے مقابلے میں 37 فیصد زائد ہے۔ یہ موازنہ تکلیف دہ ہے کہ حکومتی گرانٹس کا تناسب مالی سال 25ء میں وفاقی حکومت کے اکٹھے کیے گئے کل ٹیکس 12970) ارب روپے) کا تقریباً 16 فیصد ہے' یعنی ٹیکس کے ہر چھ روپے میں سے تقریباً ایک روپیہ سرکاری اداروں کو رواں رکھنے پر خرچ کیا جا رہا۔ اس بھاری بھرکم گرانٹ سے عوام کا کتنا بھلا ہو رہا اور بدلے میں حکومت کو کیا مل رہا' یہ جاننا چنداں مشکل نہیں۔ ایسے وقت میں جب معیشت آئی ایم ایف کی سخت شرائط سے نبرد آزما ہے اور عوام کو ملنے والی ہر سہولت ختم کی جا رہی ہے' سینکڑوں ارب روپے سرکاری اداروں کو گرانٹس کی صورت میں فراہم کرنا کسی طور روا نہیں ہے۔ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں' پٹرول اور بجلی کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں مگر ٹیکسوں سے اکٹھا کیا گیا پیسہ ترقیاتی منصوبوں یا عوامی فلاح پر خرچ ہونے کے بجائے ناکام سرکاری اداروں کے سوراخوں کو بھرنے میں ضائع کیا جا رہا ہے۔

MUNICIPAL CORPORATION RAWALPINDI

E-PADS TENDER NOTICE

(Single Stage One Envelope)

1. Municipal Corporation Rawalpindi intends to invite tenders for the following works from the firms/contractors must Registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category and also **registered on E-PAD** as per Government of Punjab Directions, for the financial year 2025-26.
2. The bidders / contractors / firms will submit bid **upto 05-03-2026 at 01:00 PM** and will be opened on same day **at 02:00 PM** by the Tender opening Committee through E-PAD.
3. The Interested Bidders may attach their registration documents/certificates of PEC, GST, PST etc. With bid documents and may also update their profile on Epads.
4. The interested bidders / contractors / firms may download complete bid Document from E-PAD and also upload/submit their bid through E-PADs.
5. The bidders must submit the Bid Security of each work separately @ 05% of estimated cost on EPADs in shape of CDR and are also submit Original hard copy of original CDR in the office of Municipal Officer (Infrastructure) MCR before closing date & time of the bid.
6. Bidders must submit their rates against "each item" of BOQs and indicate the total of each Item and also grand total at the end of this bid including all taxes or PST (where applicable) on which he is willing to complete the Work. Lum sum rates in percentage (%) will be treated as "Incomplete Bid" which shall not be consider for financial evaluation.
7. The firms / contractor shell be responsible for payment off all applicable taxes at the time of release of payment as admissible under the rules prescribed by the Government of Punjab.
8. Current PPRA Rules will be strictly applicable. In case of any violation, the contractor's bid will be rejected according to the Rules.
9. The Lowest Bidder whose bid will be 5% or more below of sanctioned estimated cost of the work, the lowest bidder will be bound to deposit a Performance Security upto 10% on contract cost in the shape of CDR from any scheduled bank within 15 days after Issuance of letter of intent which will be returned on successful completion of the work/contract otherwise his earnest money/bid security will be forfeited in the favour of Government.
10. The URL of the website of the PPRA is (https://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Detail of works is as under:-

Lot #	Name of scheme	Est. Cost (Rs. In Million)	Bid Security 5%	TS No & Date
1	Construction of Boundary Wall Old Rose Cinema Near Raja Bazar Rawalpindi	11.371	568550	TS-137-MOI-MCR Dt: 17-10-2025

Chief Officer
Municipal Corporation ,Rawalpindi

IPL-1775

از دفتر میونسپل کمیٹی کھیوڑہ

بجانب مراسلہ نمبر: ایم سی کے/

عنوان: مشتہری برائے عوام الناس کہ نقل صفائی فیس مکان نمبر J-673 اور J-382 متوفی غلام مرتضیٰ ولد پائندہ خان جائز وشرعی وارثان محلہ سلطانیہ کھیوڑہ

ہر خاص وعام کو بذریعہ مشتہری آگاہ کیا جاتا ہے کہ زیر عنوان بالا کے تحت مسمی مدیحہ مرتضیٰ نے درخواست گزاری ہے کہ متذکرہ بالا مکان نمبر J-673 اور J-382 کی صفائی فیس، ملکیتی مرحوم غلام مرتضیٰ انجم ولد پائندہ خان تھی جو کہ مورخہ 25-5-2025 کو وفات پا چکے ہیں، بروئے درخواست، صفائی فیس متذکرہ بالا مرحوم کے شرعی وجائز وارثان بتفصیل ذیل کے نام منتقل کی جائے:

ماریہ مرتضیٰ
مدیحہ مرتضیٰ
کشف مرتضیٰ
رمشا مرتضیٰ
افیرا مرتضیٰ
علیشا مرتضیٰ (دختران غلام مرتضیٰ انجم)

اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 15 دن کے اندر تحریری طور پر زیر دستخطی کے دفتر میں پیش کرے تاکہ درخواست بروقت نمٹائی جا سکے۔ دفتری کارروائی کے بعد موصول ہونے والے اعتراضات پر کوئی غور نہیں کیا جائے گا۔

چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی کھیوڑہ

اطلاع عام

سوئی ناردرن گیس صارفین کی سہولت کے لیے رمضان المبارک میں صبح 3 بجے سے رات 10:30 بجے تک گیس فراہم کریگی۔

کم پریشر کی صورت میں ہیلپ لائن 1199 پر رابطہ کریں۔

جاری کردہ
میڈیا افیئرز ڈیپارٹمنٹ
سوئی ناردرن گیس

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 18 فروری 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (سائبد عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پبلیسٹی ریلیز کے مطابق فیڈر ریٹی ایس اور سکل میں 33 کے وی سب اسٹیشن ایم ٹی میٹرز تھیب کے باعث 11 کے وی ریجن کے اسلام آباد راولپنڈی، کینٹ، چکوال اور جہلم سرکل کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پردج ایف ایف، ایف ایس، فاتم سیمن روڈ، آم جی روڈ، بی ایچ آئی کیمپ ہس، اولڈ روڈ، نیو روڈ، اے ایف ڈیوٹیاں ایس، سیاکو، بی ڈبلیو فیڈر زنگ کے مقام پر سرکری کے متعلق حفاظتی قائم بلیو بیمی میلپ لائن "15" پر فوری اطلاع دی تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شرحہ کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ 38

فیصد اضافہ ہوا، جنوری 2026ء میں 37 فوجداری کیسز کا اندراج ہوا جبکہ جنوری 2025ء میں فوجداری کیسز کا اندراج 242 ہوا، رپورٹ ماہانہ بنیاد پر بھی آٹو فلائنگ میں 2.8 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سڑک حادثات میں 4 سے آٹو فلائنگ میں مسلسل بہتری کا رجحان ہے۔ اس دوران بنس میں فیصد اضافہ ہوا جبکہ 5.3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جنوری 2026ء میں پرسنل فلائنگ میں نمایاں کمی 8.1 فیصد کا اضافہ ہوا، زیر بحاثہ عرصے کے دوران کمپیوٹر فرنٹیک 20.5 فیصد رک بڑھ گئی، جنوری 2026ء میں کریڈٹ کارڈ استعمال میں 30 فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔

بقیہ 39

60 گرفتار، 300 موٹر سائیکلوں اور 10 گاڑیوں کو بحق کیا جبکہ چالیس کے قریب موٹر سائیکلوں کو تلف کیا گیا، ایس ایس پی آپریشن اسلام آباد انعام غنی نادر کے مطابق ریجن میں جاری مہم کے دوران 300 موٹر سائیکلوں کو بحق کیا گیا جبکہ 40 کے قریب موٹر سائیکلوں کو تلف کیا گیا، ایس ایس پی آپریشن اسلام آباد انعام غنی نادر کے مطابق ریجن میں جاری مہم کے دوران 60 گرفتار ملزمان کے قبضہ سے ایک کروڑ 15 لاکھ روپے کی رقم کا مال ضبط

آئی جی اسلام آباد کا خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے انقلابی قدم

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے خواتین کیلئے "آئی ٹی پی اڈان سکوٹی ایڈوٹر ائیڈنگ سکول" کا افتتاح کر دیا

ڈرائیونگ کی تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو باقاعدہ سرٹیفکیٹس بھی جاری کئے جائیں گے، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے خواتین کیلئے "آئی ٹی پی اڈان سکوٹی ایڈوٹر ائیڈنگ سکول" کا افتتاح کر دیا۔خواتین کیلئے موٹر سائیکل ٹریننگ کے مطابق تھیوری اور پریکٹیکل تربیت کی فراہمی کا آغاز کر دیا گیا۔ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر طارق سلیم نے دنیا بھر سے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ رمضان اور قرآن لازم وملزوم ہیں، رمضان المبارک کے فضائل میں صرف عمل اجتناب کو بھی اہم قرار دیا۔ہر عبادت اسلامی ڈاکٹر طارق سلیم نے دنیا بھر سے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ رمضان اور قرآن لازم وملزوم ہیں، رمضان المبارک کے فضائل میں صرف عمل اجتناب کو بھی اہم قرار دیا۔ہر عبادت اسلامی ہے کیونکہ اللہ کا حکم ہے۔حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں پر ایم ایف لگانے کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں موٹر سائیکلوں پر بھی ایم ایف لگانے کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں پر ایم ایف لگانے کا باقاعدہ آغاز 20 فروری سے ہوگا اور موٹر سائیکل مالکان 10 دن کے اندر ایم ایف لگوا سکیں گے۔

سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد اور دیگر شخصیات کی بحالت کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

موٹر سائیکلز پر ایم ایف لگانے کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ

موٹر سائیکل مالکان 20 فروری صبح 10 بجے سے ایم ایف حاصل کر سکیں گے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل سوار گاڑیوں پر ایم ایف لگانے کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں موٹر سائیکلز پر بھی ایم ایف لگانے کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں پر ایم ایف لگانے کا باقاعدہ آغاز 20 فروری سے ہوگا اور موٹر سائیکل مالکان 10 دن کے اندر ایم ایف لگوا سکیں گے۔

بے روزگاری اور آبادی کا بحران خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے

فوری توجہ نہ دی گئی تو معیشت مزید دباؤ کا شکار ہوگی، شیری رحمٰن

اسلام آباد(این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان کی بے روزگاری اور آبادی کا بحران خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے، فوری توجہ نہ دی گئی تو معیشت مزید دباؤ کا شکار ہوگی۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں شیری(بقیہ نمبر 27)

رمضان کارڈ میں 10 ہزار روپے حقدار کیلئے ہیں، کمشنر لاہور

لاہور ڈویژن میں 3 لاکھ 29 ہزار 962 رمضان راشن کارڈز تقسیم کیے جا رہے ہیں

لاہور(این این آئی) کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے کہا ہے کہ لاہور ڈویژن میں 3 لاکھ 29 ہزار 962 حقداروں کو رمضان راشن کارڈز تقسیم کیے جا رہے ہیں جبکہ اب تک 59 ہزار 872 حقداران کو کارڈز وصول کر رہے ہیں، رمضان کارڈ میں 10 ہزار روپے حقدار کیلئے ہیں اور کسی کو رقم کی کوئی کٹوتی نہیں، 10 رمضان تک ہر حقدار کی دہلیز (بقیہ نمبر 28) (Lent) اور مسلمانوں (بقیہ نمبر 29)

وزیر کھیل پنجاب ملک لیعل ایوب کھوکھر بنفرنس ہال میں سٹین اسکوائر سابھوال کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیف سٹی میں آپریشنل کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا وفاقی دارالحکومت میں امن و امان اور سیکورٹی اقدامات کا جائزہ

رمضان المبارک کے دوران مساجد اور امام بارگاہوں کی خصوصی سیکورٹی کے احکامات جاری

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں آپریشنل کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں آئی جی نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان اور سیکیورٹی اقدامات کا تفصیل جائزہ لیا اور رمضان المبارک کے دوران مساجد اور امام بارگاہوں کی خصوصی سیکیورٹی کے احکامات جاری کئے۔تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 30)

ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ کا نظام نافذ کیا جائے

روزے کا بنیادی مقصد ضبط نفس اور اخلاقی قوت پیدا کرنا ہے، ڈاکٹر طارق سلیم

اسلام آباد(این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے دنیا بھر سے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ رمضان اور قرآن لازم وملزوم ہیں، رمضان المبارک کے فضائل میں صرف بھوک اور پیاس برداشت کرنا شامل نہیں بلکہ جھوٹ، غیبت، بدزبانی اور دیگر برائیوں سے بچنا ہی اصل مقصد ہے۔رمضان المبارک کا پیغام ہے کہ ہم پر لیے گئے ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ کا نظام (بقیہ نمبر 31)

خالی پلاٹ سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت ہوگئی

قریبی عمارتوں میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی حاصل کی جا رہی ہے

گوہر خان(این این آئی) ہاؤسنگ اتھیم نمبر 2 میں گزشتہ روز خالی پلاٹ سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت ہوگئی۔پولیس کے مطابق فجی کالج کے ہوسٹل کی طالبہ پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی، شواہد اکٹھے کیے (بقیہ نمبر 34)

سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

گینگ سے 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور چھینی گئی رقم 6 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی(این این آئی) راول ڈویژن پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور چھینی گئی رقم 6 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ڈی پی او راولپنڈی ریجن ڈاکٹر عثمان انور کے خصوصی ہدایات پر راولپنڈی چوری کی وارداتوں کے خاتمے کیلئے کام کر رہا ہے۔ایس ایس پی راولپنڈی ریجن ڈاکٹر عثمان انور کی سربراہی میں قائم سپیشل ٹیم نے شہر میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کے خاتمے کیلئے کام کیا